# اُردو

# Urdu(306)

## ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

کل نمبر:20

نوٹ: (i) تمام سوالات لازمی ہیں ہر سوال کے نمبر اُس کے سامنے دیے گئے ہیں۔

(ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحے پر اپنا نام، اپنا رول نمبر، اسٹڈی سینٹر کا نام اور مضمون کا نام صاف الفاظ میں لکھیے۔

سوال نمبر1۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 الفاظ میں لکھیے۔ 2

(الف) افسانوی ادب اور غیر افسانوی ادب میں کیا فرق ہے؟ (سبق نمبر 1)

یا

(ب) عصمت چغتائی کے اسلوب بیان پر روشنی ڈالیے۔ (سبق نمبر 4)

سوال نمبر2۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 الفاظ میں لکھیے۔ 2

(الف) دروازے کھول دو ڈرامے کے کرداروں میں سے کون سا کردار آپ کو پسند ہے اور کیوں؟ وضاحت کیجیے۔
(سبق نمبر 6)

یا

(ب) دکن میں اردو شاعری کی ترقی کس دور میں ہوئی۔ وضاحت کیجیے۔ (سبق نمبر 11)

سوال نمبر3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 الفاظ میں لکھیے۔ 2

(الف) نظم پرچھائیاں میں شاعر کو جنگ و جدل سے کیوں نفرت ہے؟ وضاحت کیجیے۔ (سبق نمبر 13)

یا

(ب) نظم خاکِ وطن کا مرکزی خیال اپنے الفاظ میں لکھیے۔ (سبق نمبر 15)

سوال نمبر4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 الفاظ میں لکھیے۔ 4

(الف) ایسے شعرا کے نام لکھیے جنھوں نے اردو غزل کو خالص ہندوستانی رنگ اور ہندوستانی تہذیب میں ڈھالا اُن شاعروں کے دو دو اشعار بھی لکھیے۔ (سبق نمبر 16)

یا

(ب) مرثیہ کے اندازِ بیان کی خصوصیات لکھیے اور دو معتبر مرثیہ گو شعرا کے نام بھی لکھیے۔ (سبق نمبر 23)



**Contact for Solutions Unnati Educations**
**9899436384, 9654279279**

سوال نمبر5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 الفاظ میں لکھیے۔ 4

(الف) ہمیشہ رنگ زمانہ بدلتا رہتا ہے
سفید رنگ ہیں آخر سیاہ مو کرتے
ہمیشہ میں نے گریباں کو چاک چاک کیا
تمام عمر رفوگر رہے رفو کرتے (سبق نمبر20)

(i) مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔
(ii) مندرجہ بالا اشعار کس شاعر کے ہیں؟
(iii) اپنی پسند کا کوئی شعر لکھیے۔
(iv) غزل میں مطلع کی تعریف لکھیے۔

یا

(ب) پھر اپنا بچپن آنکھوں میں گھوم گیا
اک بچہ سکول میں پھر روتا ہو گا
سارا جنگل بھرا ہوا ہے پیڑوں سے
جنگل میں بھی پیڑ کوئی بوتا ہو گا (سبق نمبر22)

(i) مندرجہ بالا اشعار کا مطلب لکھیے۔
(ii) اپنی پسند کے دو اشعار لکھیے۔
(iii) غزل اور نظم میں کیا فرق ہے؟
(iv) بہادر شاہ ظفر عہد کے چار غزل گو شعرا کے نام لکھیے۔

سوال نمبر6۔ پروجیکٹ ورک 6

(الف) انٹرنیٹ کے ذریعہ آپ پیغام کس طرح بھیجتے اور وصول کرتے ہیں؟ انٹرنیٹ کے فوائد کے بارے میں بتایئے اور نقصانات بھی بتایئے۔ (سبق نمبر33 A)

یا

(ب) الکٹرانک میڈیا میں اردو زبان کی اہمیت کیا ہے؟ الکٹرانک میڈیا میں سب سے مقبول صنف کون سی ہے۔ الکٹرانک میڈیا کس طرح نفع بخش ہے؟ (سبق نمبر33 B)



**Contact for Solutions Unnati Educations**
**9899436384, 9654279279**